جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنماؤں کی دارالعلوم آمد :

۷۔ مئی کو بروز جمعہ جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمٰن صاحب اپنے رفقاء سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مولانا مدظلہ سے آپ کے چچا رحمہ اللہ کی وفات پر تعزیت کی۔ آپ کے ہمراہ جمعیت کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری اور ڈاکٹر خالد سومرو بھی تھے۔ مولانا نے دارالعلوم کے نو تعمیر ایوان شریعت آڈیٹوریم ہال کا بھی دورہ کیا۔ اسی دن ظہر کو جمعیت علماء اسلام کے نائب امیر مولانا محمد خان شیرانی ایم این اے بھی بلوچستان کے علماء کے ساتھ دارالعلوم تشریف لائے اور دارالعلوم میں چند گھنٹے قیام کیا۔

دارالعلوم کے سہ ماہی امتحانات کا انعقاد :

21 مئی بروز ہفتہ دارالعلوم کے سہ ماہی امتحانات شروع ہوئے۔ امتحانات کا انعقاد دارالعلوم کے وسیع و عریض ایوان شریعت ہال میں کیا گیا۔ امتحانات صبح اور ظہر دونوں اوقات میں لئے گئے۔ نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ نے خود تمام امتحانات کی نگرانی کی۔ دارالعلوم کے تمام اساتذہ کرام کی موجودگی میں امتحانات کا انعقاد ہوا۔ طلباء نے بھی مثالی نظم وضبط کا مظاہرہ کیا۔ طلباء کرام کو صرف تین دن کی چھٹیاں دی گئیں۔ طلباء کے نتائج کا اعلان چند روز میں کیا جائیگا۔ اور ان کے سرپرستوں کو طالب علم کی تعلیمی کارکردگی سے بذریعہ ڈاک آگاہ کیا جائیگا۔

فرانسیسی دانشور کی دارالعلوم آمد :

23۔ مئی کو فرانس کے ایک دانشور Jerome Bellion Jourdan دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ سینٹر برائے بین الاقوامی تحقیق و مطالع (پیرس) کے فیلو ہیں۔ (Centre for International Research and Studies) فرانسیسی دانشور علماء اور انکی مذہبی جماعتوں اور مدارس کے کردار پر پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ دارالعلوم اور حضرت مولانا کی شہرت کی پیش نظر آپ نے سب سے پہلے دارالعلوم حقانیہ کا انتخاب کیا۔ آپ نے دارالعلوم میں پورا دن گزارا اور مختلف شعبے دیکھے اور مولانا مدظلہ سے اپنے مقالے کیلئے طویل انٹرویو کیا۔ مسٹر جارڈن کو عربی زبان پر عبور حاصل تھا۔ اس موقع پر راقم اور مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب نے آپ کی خصوصی معاونت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆